# ریڈیوتھراپی کے دوران جلد کی حفاظت



شوکت خانم
میموریل کینسر ہسپتال
اینڈ ریسرچ سینٹر

## MISSION STATEMENT

To act as a model institution to alleviate the suffering of patients with cancer through the application of modern methods of curative and palliative therapy irrespective of their ability to pay, the education of health care professionals and the public and perform research into the causes and treatment of cancer.

Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre
7A Block R-3, Johar Town, Lahore, Pakistan.
Tel: 042 359 5000 | UAN: 111 155 555
www.shaukatkhanum.org.pk

## ریڈیوتھراپی کے دوران جلد کی حفاظت

تابکاری/ ریڈیوتھراپی سے جلد پر اثرات (سکن ری ایکشن) علاج کے سب سے عام ضمنی اثرات میں سے ہیں۔ جلد پر ان اثرات کی شدت کا انحصار کئی طبی عوامل پر ہے جیسا کہ علاج کی جگہ، ریڈی ایشن کا مجموعی دورانیہ اور غذائی صحت۔ ایسا بہت کم ہوتا ہے کہ تابکاری سے سکن ری ایکشن پر مکمل طور پر قابو پایا جاسکے۔ مرطوب کریم کے باقاعدہ استعمال سے اس میں تاخیر کی جاسکتی ہے اور سکن ری ایکشن کی شدت کو کم کیا جاسکتا ہے۔ تاہم، ری ایکشن جلد کی شکنوں سے، سگریٹ نوش اور کیموتھراپی والے مریضوں کو زیادہ ہوتا ہے۔

سکن ری ایکشن ریڈیوتھراپی کے دوسرے سے تیسرے ہفتے تک شروع ہوجاتا ہے اور علاج کے آخری ہفتہ یا علاج مکمل ہونے کے سات سے دس دن کے اندر شدید ہوجاتا ہے۔ علاج کے مکمل ہونے کے بعد یہ چار ہفتوں تک برقرار رہتا ہے۔

## مریضوں کو کیا کرنا چاہیئے؟

1. کاٹن کے ڈھیلے کپڑے پہنیں۔
2. متاثرہ جگہ پر ریزر/ اُسترے کا استعمال اور شیو مت کریں یا بال اتارنے کے لئے ویکس کا استعمال نہ کریں۔
3. متاثرہ جگہ کو سورج کی براہ راست روشنی سے بچائیں۔
4. متاثرہ جگہ یا علاج والی جگہ کو دھونے کے لئے نیم گرم پانی استعمال کریں۔
5. انہیں نہاتے ہوئے زیادہ دیر تک گیلا نہ رکھیں بلکہ اسے نرم تولیہ کے ساتھ خشک کریں اور رگڑیں نہیں۔
6. خوشبودار صابن، ٹالکم پاؤڈر اور پرفیومز کے استعمال سے علاج والی جگہ پر جلد خراب ہوجاتی ہے۔
7. مرطوب کریم کو اس جگہ پر نرمی سے لگائیں۔
8. مزید چوٹ یا انفیکشن سے بچنے کے لئے پھٹی ہوئی جلد پر ڈاکٹر کے مشورے کے مطابق مناسب پٹیاں اور مرہم/کریم استعمال کریں۔
9. بوقت ضرورت درد کی دوا استعمال کریں۔